# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 4th August, 2025 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding alarming underground water scarcity in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to introduce a Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2025].

**5.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Industries and Production, to introduce a Bill to provide for the Development of Motor Vehicles Industry in Pakistan [The Motor Vehicles Industry Development Bill, 2025].

### ORDINANCES TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY

**6.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to lay before the National Assembly the Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 2025 (Ordinance No. III of 2025), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**7.** **RANA TANVEER HUSSAIN,** Minister for National Food Security and Research, to lay before the National Assembly the National Agri-trade and Food Safety Authority Ordinance, 2025 (Ordinance No. VI of 2025), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

### PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES

**8.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2024] (Ordinance No. VI of 2023), till today be condoned.

**9.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2024] (Ordinance No. VI of 2023).

**10.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat, to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025].

**11.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the National School of Public Policy Ordinance, 2002 [The National School of Public Policy (Amendment) Bill, 2025].

**12.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**13.** **MR. IBRAR AHMAD,** Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025].

## LEGISLATIVE BUSINESS

**14.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Societies Registration Act, 1860 [The Societies Registration (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**15.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Societies Registration Act, 1860 [The Societies Registration (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**16.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Pakistan Penel Code, 1860 (Act XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898) [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**17.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill further to amend the Pakistan Penel Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**18.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to provide for establishment of Whistleblower Protection and Vigilance Commission [The Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**19.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to move that the Bill to provide for establishment of Whistleblower Protection and Vigilance Commission [The Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill, 2025], be passed.

**20.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill to provide for establishment of Pakistan Land Port Authority [The Pakistan Land Port Authority Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**21.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move that the Bill to provide for establishment of Pakistan Land Port Authority [The Pakistan Land Port Authority Bill, 2025], be passed.

## MOTION

22. **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move under sub-rule (7) of rule 154 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 read with clause (3) of Article 70 of the Constitution, that the Pakistan Coast Guards (Amendmment) Bill, 2025, as passed by the National Assembly and not passed by the Senate within 90 days, be referred to the Joint Sitting for consideration and passage.

## PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:

23. **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Human Rights, to lay before National Assembly the annual report of the National Commission on Status of Women for the year 2022-23 as required by section 16(2) of the National Commission on the Status of Women (NCSW) Act, 2012.

24. **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Human Rights, to lay before National Assembly the annual report of the National Commission on the Rights of Child for the year 2024-25, as required under section 17(1) of the National Commission on the Rights of Child Act, 2017.

25. **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to lay before National Assembly the report of Biannual Monitoring of the Implementation of 7$^{th}$ NFC Award (July-December, 2022), as required under clause (3B) of Article 160 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

26. **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice, to lay before National Assembly the annual report of the Council of Islamic Ideology for the year, 2020-21, as required by the Article 230 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

## PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

27. **SAHIBZADA MUHAMMAD HAMID RAZA,** Chairman Standing Committee on Human Rights, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1$^{st}$ July, 2024 to 31$^{st}$ December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

28. **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1$^{st}$ July, 2024 to 31$^{st}$ December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

29. **MR. PULLAIN,** Chairman Standing Committee on Information and Broadcasting, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1$^{st}$ January, 2025 to 30$^{th}$ June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

30. **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12$^{th}$ March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10$^{th}$ March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**31.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**32.** **SAHIBZADA SIBGHATULLAH** **MR. AMJAD ALI KHAN**

**MR. ALI MUHAMMAD** to invite attention of the Minister for Communications, to a matter of urgent public importance regarding inflated prices of essential food items being charged at rest areas of motorways, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**3rd August, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۴/اگست، ۲۰۲۵ء شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب انجم عقیل خان** وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد میں زیر زمین پانی کی تشویش ناک حد تک کمی سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **وزیر انچارج** برائے صنعت و پیداوار پاکستان میں موٹر وہیکلز انڈسٹری کی ترقی کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [موٹر وہیکلز انڈسٹری ڈویلپمنٹ بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے آرڈیننسز

۶۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق وفاقی ترقیاتی ادارہ (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (آرڈیننس نمبر ۳ بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۷۔ **رانا تنویر حسین**، وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (آرڈیننس نمبر ۶ بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (آرڈیننس نمبر ۶ بابت ۲۰۲۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۹۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (آرڈیننس نمبر ۶ بابت ۲۰۲۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرنے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کے ذریعے کاروباری، تجارتی اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں اصلاحات کی بابت احکام وضع کرنے کے بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ نیشنل سکول آف پبلک پالیسی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [نیشنل سکول آف پبلک پالیسی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

**۱۳۔** **جناب ابرار احمد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۱۴۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سوسائٹیز رجسٹریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۵۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سوسائٹیز رجسٹریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۶۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۷۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قوانین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۸۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون وانصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ مخبر کے تحفظ اور نگران کمیشن کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [مخبر کا تحفظ و نگران کمیشن بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۹۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون وانصاف اور انسانی حقوق تحریک پیش کریں گے کہ مخبر کے تحفظ اور نگران کمیشن کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [مخبر کا تحفظ و نگران کمیشن بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

**۲۰۔** **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۱۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۲۲۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۱۵۴ کے ذیلی قاعدہ (۷) جسے دستور کے آرٹیکل ۷۰ کی شق (۳) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی کی جانب سے منظور کردہ اور نوے دن کی مقررہ مدت کے اندر سینیٹ کی جانب سے منظور نہ کیا گیا پاکستان ساحلی محافظین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء غور اور منظوری کے لئے مشترکہ اجلاس کے سپرد کیا جائے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۲۳۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے انسانی حقوق، قومی کمیشن برائے مقام خواتین (این سی ایس ڈبلیو) ایکٹ، ۲۰۱۲ء کی دفعہ ۱۶(۲) کے تحت قومی کمیشن برائے مقام خواتین کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۰۲۲-۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۲۴۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے انسانی حقوق، قومی کمیشن برائے حقوقِ اطفال ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۷(۱) کے تحت قومی کمیشن برائے حقوقِ اطفال کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۰۲۴-۲۵ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۲۵۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۶۰ کی شق (۳ب) کے تحت ساتویں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کے نفاذ کی ششماہی نگرانی رپورٹ (جولائی-دسمبر، ۲۰۲۲ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

**۲۶۔** **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون وانصاف، دستور کے آرٹیکل ۲۳۰ کی مقتضیات کے مطابق اسلامی نظریاتی کونسل کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۰۲۰-۲۱ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۲۷۔ **صاحبزادہ محمد حامد رضا**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۸۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۹۔ **جناب پلین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۳۰۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدرِ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۳۱۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۲۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** **جناب امجد علی خان**

**جناب علی محمد** وزیر برائے مواصلات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو موٹروے پر آرام گاہوں پر ضروری اشیائے خوردونوش کے زیادہ نرخ وصول کئے جانے سے متعلق ہے۔

اسلام آباد، **طاہر حسین**

**۳/اگست، ۲۰۲۵ء** **سیکرٹری جنرل**